ریاست رامپور گزٹ

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ محرم الحرام سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۹ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقعہ ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

مثل روبکار صاحب جج بہادر در بارۂ تبدیلی تاریخ امتحان وکلاء

حکم ہوا کہ

حسب تجویز صاحب جج بہادر تاریخ امتحان وکلاء بجائے ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء کے ۲۴ جنوری مقرر کیجائے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص ایک روپیہ اضافہ سید امداد علی ناظر سپرنٹنڈنٹی کارخانجات کے منظور کیا گیا۔